PR NO32

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم آج پولی کلینک ہسپتال کا دورہ کرے گی

ٹیم مریضوں اوران کے لواحقین کی شکایات سن کر وفاقی محتسب کو رپورٹ دے گی

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پولی کلینک ہسپتال کے خلاف بنیادی سہولیات کے فقدان، ایک ایک بستر پر کئی مریضوں کی موجودگی، غیر معمولی رش، ادویات کی عدم دستیابی، غیر تربیت یافتہ عملہ اور میڈیکل بلوں کی تصدیق میں تاخیر کے بارے میں ہزاروں شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم تشکیل دی ہے جو آج (بدھ) کو ہسپتال کا دورہ کر کے مریضوں کی شکایات سننے کے بعد اور ہسپتال انتظامیہ سے مل کر ان کا حل تلاش کرے گی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب کو بڑی تعداد میں شکایات ملی تھیں کہ پولی کلینک ہسپتال میں ایم آر آئی کی مشین موجود ہے مگر اسے استعمال میں نہیں لایا جارہا، الٹراساؤنڈ کے لئے لمبی لمبی تاریخیں دی جاتی ہیں، ہسپتال میں مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں، ڈاکٹر تاخیر سے ہسپتال آتے ہیں جس کی وجہ سے مریضوں کو گھنٹوں انتظار کرنا پڑتا ہے، ہسپتال کا عملہ غیر تربیت یافتہ ہے۔ وفاقی محتسب نے عوام الناس کی طرف سے ایسی بے شمار شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں رجسٹرار محمد ثاقب خان اور کنسلٹنٹ خالد سیال پر مشتمل معائنہ ٹیم تشکیل دی ہے جو آج پولی کلینک ہسپتال کا دورہ کر کے مریضوں اوران کے لواحقین کی شکایات سن کر ہسپتال انتظامیہ سے مل کر مذکورہ شکایات اور صورتحال کا جائزہ لے گی نیز اپنے سابقہ دورہ کی سفارشات اور ہدایات پر عملدرآمد کا جائزہ لے کر وفاقی محتسب کو رپورٹ پیش کرے گی۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

02جولائی2024ء